© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## جلسہ دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف

مورخہ ۵رمئی ۲۰۱۶ء بروز جمعرات کو دارالعلوم حقانیہ میں ۶۹ ویں تقریب ختم بخاری شریف اور جلسہ دستار بندی کا انعقاد ہوا۔ حسب روایت اس سال بھی اس مبارک تقریب میں ہزاروں افراد نے شدید گرمی کے باوجود شرکت کی۔ اس موقع پر ڈیڑھ ہزار فضلاء متخصصین اور حفاظ کرام کی دستار بندی ہوئی۔ دوپہر دو بجے باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا سب سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر سیر حاصل خطاب فرماتے ہوئے فضلاء کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کیلئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ دارالعلوم کے نائب مہتمم استاذ حدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ نے حاضرین اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور خطاب فرمایا۔ اس مبارک تقریب میں ملک کے اہم علماء کرام اور مشائخ عظام، قدیم حقانی فضلاؤں نے بھی شرکت فرمائی۔ جلسہ دستار بندی میں جمعیۃ علماء پاکستان کے مولانا اویس نورانی، صدر ضیاء الحق شہید کے فرزند جناب اعجاز الحق، لبنان کے شیخ محسن الرفاعی، اساتذہ دارالعلوم حقانیہ، ناظم اعلیٰ الحاج اظہار الحق حقانی، مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی، مولانا فضل علی حقانی، شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس، مولانا عبدالخالق راولپنڈی، مولانا عبدالقیوم حقانی، قاری محمد اخلاق مدنی، پیر محمد اظہار حقانی اور دیگر بھی شامل تھے۔

## دارالعلوم کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

مورخہ ۳۰راپریل ۲۰۱۶ء کو دارالعلوم کے تمام درجات کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔ بحمدللہ امتحانات بخیروخوبی اساتذہ کرام کی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے پھر دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف کے بعد ۷رمئی ۲۰۱۶ء بروز ہفتہ وفاق المدارس کے زیر انتظام امتحانات ہوئے اور ۶ دن جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوئے اور دارالعلوم میں سالانہ ڈھائی ماہ کی تعطیلات کا آغاز ہوگیا۔

## دارالعلوم کی مجلس شوریٰ کا اہم اجلاس

۱۷راپریل بروز اتوار ۲۰۱۶ء کو جامعہ دارالعلوم حقانیہ کا مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق

© rasailojaraid.com